**SET-3**

**Series : HRK/1/C**

کوڈ نمبر
**Code No.** **48/1/3**

**Roll No.** | | | | | | | | رول نمبر

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

- جانچ لیجئے کہ اس سوال کے پرچے میں چھپے ہوئے صفحات کی تعداد **4** + **2** نقشے ہیں۔
- طالب علم کو پرچہ کے اوپر دائیں طرف چھپا کوڈ نمبر جوابی کاپی کے اوپری صفحہ پر لکھنا ہے۔
- جانچ لیجئے کہ اس پرچہ میں چھپے سوالات کی تعداد **30** ہے۔
- **کسی سوال کا جواب لکھنا شروع کرنے سے پہلے پرچہ کے مطابق سوال کا سلسلہ نمبر جوابی کاپی میں لکھئے۔**
- سوال کا پرچہ پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوال کے پرچہ کو صبح 10.15 بجے تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 بجے تک طلباء صرف پرچہ پڑھیں گے اور اِس وقت کے دوران طلباء پرچہ کے سوالوں کے جواب لکھنے شروع نہیں کر سکتے۔

- Please check that this question paper contains **4** printed pages + **2** Maps.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **30** questions.
- **Please write down the serial number of the question before attempting it.**
- 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

مجموعی امتحان -II

SUMMATIVE ASSESSMENT-II

# سوشیل سائنس

# SOCIAL SCIENCE

(Urdu Version)

مقررہ وقت : 3 گھنٹے — کُل نمبر : 90

*Time allowed : 3 hours* — *Maximum marks : 90*

**عام ہدایات :**

(*i*) اِس پرچہ میں کُل **30** سوال ہیں۔ **سبھی لازمی** ہیں۔

(*ii*) ہر ایک سوال کے سامنے اس کے نمبر دیئے گئے ہیں۔

(*iii*) سوال نمبر **1** سے **8** تک بہت چھوٹے جواب والے سوال ہیں۔ ہر ایک سوال **1** نمبر کا ہے۔ ان میں سے ہر ایک سوال کا جواب **30** لفظوں سے زیادہ نہ ہو۔

(*iv*) سوال نمبر **9** سے **20** تک **3** نمبر والے سوال ہیں۔ ہر ایک سوال کا جواب **80** لفظوں سے زیادہ نہ ہو۔

(*v*) سوال نمبر **21** سے **28** تک **5** نمبر والے سوال ہیں۔ ان میں سے ہر ایک سوال کا جواب **120** لفظوں سے زیادہ نہ ہو۔

(*vi*) سوال نمبر **29** اور **30** نقشے کے سوال ہیں۔ ہر ایک **3** نمبر کا ہے۔ دونوں ہسٹری اور جغرافیہ سے ہیں۔ انھیں پورا کرنے کے بعد نقشوں کو اپنی جوابی کاپی کے اندر لگا دیجئے۔

1. ہندوستان میں کون سی تنظیم 'سیاسی پارٹیوں' کو منظور کرتی ہے ؟ **1**

2. فنکار فریڈرک سوریو (Fredric Sorrieu) کا تعلق کس ملک سے تھا ؟ **1**

**یا**

نگو دنہہ دیم (Ngo Dinh Diem) کا تعلق کس ملک سے تھا ؟

3. دباؤ گروپ 'لابسٹ' (lobbyist) کو کیوں استعمال کرتے ہیں ؟ **1**

4. اگر ایک غیر جمہوری ملک جمہوری طرز حکومت میں تبدیل ہونا چاہتا ہے تو وہ کس طرح کے مسائل کا سامنا کرے گا ؟ **1**

5. توانائی (energy) کیوں ضروری ہے ؟ ایک وجہ بیان کیجیے۔ **1**

6. مان لیجیے آپ بازار سے ایک فریج خریدنا چاہتے ہیں، تو اس کے لیے فریج کے اوپر آپ کوالٹی کا کون سا 'لوگو' دیکھنا چاہیں گے ؟ **1**

7. ہندوستان میں مرکزی اور ریاستی سرکاروں کے ذریعے 'خصوصی معاشی زون' (Special Economic Zones) کیوں قائم کئے جا رہے ہیں ؟ **1**

8. غریبوں کے لیے بینک سے ادھار لینا کیوں مشکل ہے؟ **1**

9. ''ابتدائی انیسویں صدی کے یورپ میں قومی وحدت کا تصور رواداری یا فراخدلی کے ساتھ بہت مضبوطی سے جڑا ہوا تھا۔'' اس قول کا جائزہ لیجیے۔ **3**

**یا**

''1965 سے 1972 کے درمیان ویتنام کی جنگ میں امریکہ کی شرکت نے ایک نئے مرحلے کا آغاز کیا جو ویتنامیوں اور ساتھ ہی امریکہ کے لیے بڑا مہنگا ثابت ہوا۔'' اس قول کا تجزیہ کیجیے۔

10. پہلی عالمی جنگ نے ہندوستان میں کس طرح معاشی مسائل پیدا کیے؟ واضح کیجیے۔ 3

11. ''ہندوستان میں ریلوے جال کی تقسیم زیادہ تر زمین کی بناوٹ اور معاشی عناصر کی بنیاد پر کی گئی ہے۔'' اس قول کی تائید مناسب مثالوں کے ساتھ کیجیے۔ 3

12. ''گاندھی جی کا ستیہ گرہ کا خیال سچ کی قوت اور سچ کی تلاش پر زور دیتا تھا۔'' اس قول کی روشنی میں ستیہ گرہ میں گاندھی جی کے رول کا جائزہ لیجیے۔ 3

13. ذرائع معدنیات (mineral resources) کا تحفظ بہت ضروری کیوں ہے؟ کوئی تین وجوہات بیان کیجیے۔ 3 × 1 = 3

14. شہریوں کی آزادی اور وقار کو فروغ دینے میں جمہوریت کس طرح کسی دوسری طرز حکومت سے بہتر ہے؟ مثالوں کے ساتھ واضح کیجیے۔ 3

15. ہندوستان میں سیاسی پارٹیوں کی اصلاح کے لیے حال ہی میں کی گئی کسی تین کوششوں کو بیان کیجیے۔ 3

16. ''جمہوریت کی کامیابی کے لیے عوامی جدوجہد ناگزیر (گہرا تعلق) ہے۔'' بولیویا کی پانی کی نجکاری کے خلاف ہوئی تحریک کی روشنی میں اس قول کا جائزہ لیجیے۔ 3

17. ہمیں توانائی کے محدود وسائل کا دانشمندی سے استعمال کرنے کے لیے محتاط طریقۂ کار کس طرح اپنانا ہوگا؟ واضح کیجیے۔ 3

18. ''کچھ ہی سالوں میں ہندوستانی بازار کی اشیاء کے وسیع رینج کے انتخاب کے ساتھ کایاپلٹ ہو چکی ہے۔ مثالوں کے ساتھ اس قول کی تائید کیجئے۔ 3 × 1 = 3

19. ہندوستان میں صارف تحریک کس طرح صارفوں کے مفادات کا تحفظ کرتی ہے؟ واضح کیجیے۔ 3

20. ان اقدار کو بیان کیجیے جنھیں کسی قرضدار کو لیے گئے قرض کو صحیح استعمال کرنے کے لیے لانا چاہیے۔ 3

21. بینک اور کوآپریٹوس کو قرض دینے کے لیے اپنی سرگرمی دیہی علاقوں میں بڑھانا کیوں ضروری ہے؟ اپنی رائے بیان کیجیے۔ 5

22. ''ہندوستان میں سڑک ٹرانسپورٹ، ریل ٹرانسپورٹ کے مقابلہ زیادہ آرام دہ ہے۔'' مثالوں کے ساتھ اس قول کی تائید کیجیے۔ 5 × 1 = 5

23. ہندوستان میں قابل تجدید بجلی کے ذرائعوں کے استعمال کی بہت ضرورت ہے۔'' اس قول کو ثابت کیجیے۔ 3 + 2 = 5

24. '' 'سوراج' کے تجریدی تصور سے سارے سماجی گروپ متاثر نہیں ہوئے تھے۔'' 1930 کی دہائی کی 'سول نافرمانی تحریک' کی روشنی میں اس قول کی تائید کیجیے۔ 5

25. سیاسی پارٹیوں کی تعریف کیجیے۔ ہندوستان میں سیاسی پارٹیوں کے سامنے کوئی چار چیلنجیز (مسائل) بیان کیجیے۔ **1 + 4 = 5**

26. عصری دنیا میں کس طرح کی حکومت کا تسلط ہے (اہم ہے) ؟ ان معاملوں کو بیان کیجیے جو جمہوریت کی جڑیں مضبوط کرنے اور مستحکم کرنے کے چیلنج میں شامل ہیں۔ **1 + 4 = 5**

27. 1848 کے بعد جرمنی کے تعمیر قوم کے عمل کو واضح کیجیے۔ **5**

**یا**

ویتنام میں سامراج مخالف تحریک میں عورتوں کے رول کو بیان کیجیے۔

28. ہندوستان میں گلوبلائیزیشن (عالم کاری) کو ممکن بنانے والے کوئی دو عوامل بیان کیجیے۔ منصفانہ گلوبلائیزیشن کے لیے ہندوستانی کس طرح جدوجہد کر رہے ہیں ؟ **5**

29. **ہندوستان** کے نقشے کے دیے گئے سیاسی خاکہ پر تین جگہیں A، B اور C مارک کی گئی ہیں۔ ان جگہوں کو نیچے دی گئی معلومات کی مدد سے پہچانیئے اور ان کے صحیح نام نقشے پر کھینچی گئی لائینوں پر لکھیے : **3 × 1 = 3**

(A) 1922 میں عدم تعاون تحریک کو واپس لینے سے متعلق جگہ

(B) وہ جگہ جہاں انڈین نیشنل کانگریس کا اجلاس ہوا تھا

(C) وہ جگہ جو نیل کی کھیتی کرنے والے کسانوں کی تحریک سے متعلق ہے

**نوٹ : درج ذیل سوال صرف نابینا امیدواروں کے لیے سوال نمبر 29 کے بدلے :** **3 × 1 = 3**

(29.1) اس جگہ کا نام لکھیے جہاں 1922 میں عدم تعاون تحریک کو واپس لیا گیا تھا۔

(29.2) جہاں ستمبر 1920 میں انڈین نیشنل کانگریس کا اجلاس ہوا تھا، اس جگہ کا نام لکھیے۔

(29.3) اس جگہ کا نام لکھیے جہاں نیل کی کھیتی کرنے والے کسانوں کی تحریک شروع ہوئی تھی۔

30. **ہندوستان** کے نقشے کے دیئے گئے سیاسی خاکے میں درج ذیل کو مناسب علامتوں سے دکھایئے اور ان کے نام لکھیے: **3 × 1 = 3**

(A) بھلائی - لوہے اور فولاد کا پلانٹ

(B) نرورہ - نیوکلیائی پاور پلانٹ

(C) کاندلا - اہم بحری بندرگاہ

**نوٹ : درج ذیل سوال صرف نابینا امیدواروں کے لیے سوال نمبر 30 کے بدلے :** **3 × 1 = 3**

(30.1) بھلائی - لوہے اور اسپات پلانٹ کس ریاست میں واقع ہے ؟

(30.2) نرورہ - نیوکلیائی پاور پلانٹ کس ریاست میں واقع ہے ؟

(30.3) اس ریاست کا نام لکھیے جہاں کاندلا بحری بندرگاہ واقع ہے۔